اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

پریس ریلیز

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق بی اے/ بی ایس سی دوسرا سالانہ امتحان 2019ء میں شرکت کرنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مذکورہ امتحان انشاءاللہ **24 اکتوبر 2019ء بروز جمعرات** سے شروع ہوگا۔

نوٹ:۔ بیرونی یا پرائیویٹ امیدوار کے طور پر صرف وہی طلباء امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں جو پہلے سے رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔ بغیر رجسٹریشن کوئی بھی داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

اس امتحان میں شرکت کرنے والے کالج کے سابقہ طلباء و طالبات/ فیل شدہ/ نئے بیرونی، پرائیویٹ امیدواروں سے داخلہ فیس و داخلہ فارم درج ذیل شیڈول کے مطابق وصول کئے جائیں گے۔

داخلہ فیس برائے پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے سابقہ امیدواران

ا۔	بغیر لیٹ فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	12 ستمبر 2019ء بروز (جمعرات)
۲۔	لیٹ فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	20 ستمبر 2019ء بروز (جمعہ)
۳۔	دوگنی فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	30 ستمبر 2019ء بروز (سوموار)
۴۔	داخلہ فیس برائے امتحان بی اے	=	-/3000 روپے
۵۔	پریکٹیکل کے ساتھ داخلہ فیس برائے امتحان بی اے	=	-/4000 روپے
۶۔	داخلہ فیس برائے امتحان بی ایس سی	=	-/4000 روپے
۷۔	لیٹ فیس	=	-/2000 روپے
۸۔	دوگنی داخلہ فیس برائے امتحان بی اے	=	-/6000 روپے
۹۔	دوگنی فیس برائے امتحان بی ایس سی	=	-/8000 روپے

مورخہ 30 ستمبر 2019ء بروز (سوموار) کے بعد داخلہ فارم قطعاً وصول نہیں کیے جائیں گے۔ اور یونیورسٹی ایسے داخلہ فارم کے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔

(i) پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے سابقہ امیدواران جو کہ سالانہ امتحان 2019ء کے امتحان میں شامل ہوئے صرف یونیورسٹی کی طرف سے بھیجے گئے داخلہ فارم مکمل کر کے امتحانی فیس جمع کروانے کے بعد شعبہ امتحان کو ارسال کریں۔ کالج کے سابقہ طلباء و طالبات کو اپنے داخلہ فارم متعلقہ کالج کے پرنسپل سے تصدیق کرانا ہونگے۔

(ii) ایسے پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے سابقہ امیدواران جو کہ بی اے/ بی ایس سی سالانہ امتحان 2019ء کے امتحان میں شامل نہ ہوئے ہوں وہ اپنے داخلہ فارم حبیب بینک کی متعلقہ مقامی شاخ سے مقررہ امتحانی فیس جمع کرا کر حاصل کر سکتے ہیں یا داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائیٹ www.iub.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔

داخلہ فارم، فوٹو اور تمام دستاویزات یونیورسٹی/ کالج ہذا کے مقرر کردہ پروفیسرز، لیکچرارز اور جن کے نمونہ/ دستخط شعبہ ہذا میں موجود ہیں سے تصدیق کروانا ہوں گے۔ اگر کسی امیدوار کا داخلہ فارم/ تصاویر مقرر کردہ پروفیسرز/ لیکچرار/ اساتذہ کے علاوہ کسی اور سے تصدیق شدہ موصول ہوئے تو ان کے داخلہ فارم قبول نہیں کیئے جائیں گے۔ اور ان کو امتحان میں شمولیت کی اجازت نہ ہوگی۔

بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یارخان اضلاع کے رہائشی مرد اور خواتین اپنے ہی ضلع کی حدود میں قائم کیئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینے کے پابند ہونگے۔ بہاولپور ڈویژن کے باہر کے رہائشی مرد وخواتین امیدواروں کو بھاولپور شہر میں قائم کیئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینا ہوگا۔

بہاولپور ڈویژن میں ضلع/ تحصیل/ سب تحصیل کی سطح پر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں سے داخلہ بھیجنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ فیس کی ادائیگی بذریعہ چیک/ ڈرافٹ/ پے آرڈر اور منی آرڈر قابل قبول نہ ہوگی۔

تمام مرد وخواتین کو جو مذکورہ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلہ فارم کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور انٹرمیڈیٹ کی سند/ پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی مہیا کریں۔ تا کہ امتحان میں شریک ہونے کی اہلیت کا فیصلہ کیا جاسکے اور اہل امیدواران کو رول نمبر بروقت ارسال کیئے جاسکیں۔ نیز سابقہ امیدوار اپنے سابقہ رول نمبر (جو کہ آخری مرتبہ جاری ہوا تھا) سال اور پروگرام جس میں انہوں نے امتحان دیا ہو ضرور لکھیں۔ آخر میں اس امر کی اطلاع کی جاتی ہے کہ داخلہ فارم کے ساتھ فوٹو جمع نہ کرانے کی صورت میں امیدواروں کے داخلہ فارم کسی صورت میں قابل قبول نہ ہونگے کالج کے سابقہ طلباء و طالبات کو داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹریشن کارڈ کی مصدقہ نقل منسلک کرنا ہوگی۔

کنٹرولر امتحانات

بہاولپور

مورخہ: 26 اگست 2019ء

(محمد ندیم بھٹہ)